روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

بدھ 10مارچ 2010ء 23 ربیع الاول 1431 ہجری 10/امان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 54

زندگی اور موت کا مالک

اور یقیناً ہم ہی ہیں جو زندہ بھی کرتے ہیں اور مارتے بھی ہیں اور ہم ہی ہیں جو (ہر چیز کے) وارث ہوں گے۔ ﴿الحجر:24﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جان الیگزنڈر ڈوئی کے متعلق پیشگوئی۔ جو 9 مارچ 1907ء کو پوری ہوئی

واضح ہو کہ یہ شخص جس کا نام عنوان میں درج ہے (۔) کا سخت درجہ پر دشمن تھا اور علاوہ اس کے اس نے جھوٹا دعویٰ پیغمبری کا کیا...... بغض دین متین کی وجہ سے اس کے اندر سخت ناپاک خصلتیں موجود تھیں اور جیسا کہ خنزیروں کے آگے موتیوں کا کچھ قدر نہیں ایسا ہی وہ توحید (۔) کو بہت ہی حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا اور اس کا استیصال چاہتا تھا۔ (۔) اس کی بدزبانی پر ہمیشہ مجھے اطلاع ملتی تھی۔ جب اس کی شوخی انتہا تک پہنچی تو میں نے انگریزی میں ایک چٹھی اس کی طرف روانہ کی اور مباہلہ کے لئے اس سے درخواست کی تا خدا تعالیٰ ہم دونوں میں سے جو جھوٹا ہے اس کو سچے کی زندگی میں ہلاک کرے۔ یہ درخواست دو مرتبہ یعنی ۱۹۰۲ء اور پھر ۱۹۰۳ء میں اس کی طرف بھیجی گئی تھی اور امریکہ کے چند نامی اخباروں میں بھی شائع کی گئی تھی (۔) اور اس مضمون مباہلہ میں میں نے جھوٹے پر بددعا بھی کی تھی اور خدا تعالیٰ سے یہ چاہا تھا کہ خدا جھوٹے کا جھوٹ اپنے فیصلہ سے کھول دے۔ (۔) نیز میں نے اس میں لکھا تھا کہ ڈاکٹر ڈوئی اپنے دعویٰ رسول ہونے اور تثلیث کے عقیدہ میں جھوٹا ہے۔ اگر وہ مجھ سے مباہلہ کرے تو میری زندگی میں ہی بہت سی حسرت اور دکھ کے ساتھ مرے گا۔ اور اگر مباہلہ بھی نہ کرے تب بھی وہ خدا کے عذاب سے بچ نہیں سکتا۔............

غرض یہ شخص میرے مضمون مباہلہ کے بعد جو یورپ اور امریکہ اور اس ملک میں شائع ہو چکا تھا بلکہ تمام دنیا میں شائع ہو گیا تھا شوخی میں روز بروز بڑھتا گیا۔ اور اس طرف مجھے یہ انتظار تھی کہ جو کچھ میں نے اپنی نسبت اور اس کی نسبت خدا تعالیٰ سے فیصلہ چاہا ہے ضرور خدا تعالیٰ سچا فیصلہ کرے گا اور خدا تعالیٰ کا فیصلہ کاذب اور صادق میں فرق کر کے دکھلا دے گا۔

اور میں ہمیشہ اس بارہ میں خدا تعالیٰ سے دعا کرتا تھا اور کاذب کی موت چاہتا تھا چنانچہ کئی دفعہ خدا تعالیٰ نے مجھے خبر دی کہ تو غالب ہو گا اور دشمن ہلاک کیا جائے گا اور پھر ڈوئی کے مرنے سے قریباً پندرہ دن پہلے خدا تعالیٰ نے اپنی کلام کے ذریعہ سے مجھے میری فتح کی اطلاع بخشی جس کو میں اس رسالہ میں جس کا نام ہے قادیان کے آریہ اور ہم اس کے ٹائٹل پیج کے پہلے ورق کے دوسرے صفحہ میں ڈوئی کی موت سے قریباً دو ہفتہ پہلے شائع کر چکا ہوں (۔)

اب ظاہر ہے کہ ایسا نشان (جو فتح عظیم کا موجب ہے) جو تمام دنیا ایشیا اور امریکہ اور یورپ اور ہندوستان کے لئے ایک کھلا کھلا نشان ہو سکتا ہے وہ یہی ڈوئی کے مرنے کا نشان ہے۔ کیونکہ اور نشان جو میری پیشگوئیوں سے ظاہر ہوئے ہیں وہ تو پنجاب اور ہندوستان تک ہی محدود تھے اور امریکہ اور یورپ کے کسی شخص کو ان کے ظہور کی خبر نہ تھی۔ لیکن یہ نشان پنجاب سے بصورت پیشگوئی ظاہر ہو کر امریکہ میں جا کر ایسے شخص کے حق میں پورا ہوا جس کو امریکہ اور یورپ کا فرد فرد جانتا تھا اور اس کے مرنے کے ساتھ ہی بذریعہ تاروں کے اس ملک کے انگریزی اخباروں کو خبر دی گئی۔............

ڈوئی اس پیشگوئی کے بعد اس قدر جلد مر گیا کہ ابھی پندرہ دن ہی اس کی اشاعت پر گزرے تھے کہ ڈوئی کا خاتمہ ہو گیا۔ پس ایک طالب حق کے لئے یہ ایک قطعی دلیل ہے کہ یہ پیشگوئی خاص ڈوئی کے بارے میں تھی کیونکہ اول تو اس پیشگوئی میں یہ لکھا ہے کہ وہ فتح عظیم کا نشان تمام دنیا کے لئے ہو گا۔ اور دوسرے یہ لکھا ہے کہ وہ عنقریب ظاہر ہونے والا ہے پس اس سے زیادہ عنقریب اور کیا ہو گا کہ اس پیشگوئی کے بعد بدقسمت ڈوئی اپنی زندگی کے بیس دن بھی پورے نہ کر سکا اور خاک میں جا ملا۔

(حقیقة الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22ص 504تا511)

حسن کارکردگی بین الاضلاع 2009ء

(مجلس انصاراللہ پاکستان)

سال 2009ء/ 1388ہش میں ناظمین اضلاع مجالس انصاراللہ پاکستان کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ حسن کارکردگی کے لحاظ سے مجلس عاملہ کی رائے میں مندرجہ ذیل ناظمین اضلاع اسناد خوشنودی کے حقدار قرار پائے ہیں۔ مجلس عاملہ کی رائے کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظور کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے۔ ''اللہ مبارک کرے''

(1) نظامت ضلع سیالکوٹ اول اور سند خوشنودی کے حقدار
ناظم ضلع مکرم عبدالحمید گوندل صاحب
(2) نظامت ضلع لاہور دوم اور سند خوشنودی کے حقدار
ناظم ضلع مکرم چوہدری منیر مسعود صاحب
(3) نظامت ضلع کراچی سوم اور سند خوشنودی کے حقدار
ناظم ضلع مکرم چوہدری منیر احمد صاحب
(4) نظامت ضلع فیصل آباد
(5) نظامت ضلع قصور
(6) نظامت ضلع سانگھڑ
(7) نظامت ضلع ساہیوال
(8) نظامت ضلع ملتان
(9) نظامت ضلع شیخوپورہ

اللہ تعالیٰ ناظمین کیلئے یہ اعزاز مبارک فرمائے اور انہیں زیادہ سے زیادہ مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

﴿قائد عمومی مجلس انصاراللہ پاکستان﴾

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 11 مارچ 2010ء کو صبح 10:00 بجے آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

﴿ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ﴾

مشعل راہ

وسعت حوصلہ اور اطاعت کے جذبہ سے کام کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 5 دسمبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

دوسرے یہ ذمہ داری ہے عہدیداران کی عام لوگوں سے ہٹ کر، اپنے دوسرے برابر کے عہدیداروں یا ماتحت عہدیداران یا کارکنان کا احترام ہے۔ یہ کوئی دنیاوی عہدہ نہیں ہے جس طرح میں پہلے بھی کہہ آیا ہوں کہ جو آپ کو مل گیا ہے اور کوئی سمجھ بیٹھے کہ اب سب طاقتوں کا میں مالک بن گیا ہوں۔ یہاں بھی جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے امیر اپنی عاملہ کا احترام کریں، ان کی رائے کو وقعت دیں، اس پر غور کریں۔ اسی طرح اگر کوئی ماتحت بھی رائے دیتا ہے تو اس کو بھی قدر کی نگاہ سے دیکھیں، کم نظر سے نہ دیکھیں۔ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہے کہ مشورہ کریں تو ہم، آپ تو بہت معمولی چیز ہیں۔ تو کسی کی رائے کو کبھی بھی تکبر کی نظر سے نہیں دیکھنا چاہئے۔ اپنا ایک وقار عہدیدار کا ہونا چاہئے اور یہ نہیں کہ غصے میں مغضوب الغضب ہو کر ایک تو رائے کو رد کر دیا اور (۔) میں یا میٹنگ میں تُو تکار بھی شروع ہو جائے۔ یا گفتگو ایسے لہجہ میں کی جائے جس سے کسی دوسرے عہدیدار کا یا کسی دوسرے شخص کے بارہ میں جس سے استخفاف کا پہلو نکلتا ہو، کم نظر سے دیکھنے کا پہلو نکلتا ہو۔ تو ہمارے عہدیداران اور کارکنان کو تو انتہائی وسعت حوصلہ کا مظاہر کرنا چاہئے۔ کھلے دل سے تنقید بھی سننی چاہئے، برداشت بھی کرنا چاہئے اور پھر ادب کے دائرے میں رہ کر ہر شخص کی عزت نفس ہوتی ہے اس کا خیال رکھ کر دلیل سے جواب دینا چاہئے۔ یہ نہیں کہ میں نے یہ کہہ دیا ہے اس پر عمل نہیں ہو رہا تو تم یہ ہو، تم وہ ہو، یہ بڑا غلط طریق ہے۔ عہدیدار کا مقام جماعت میں عہدیدار کا ہے خواہ وہ چھوٹا عہدیدار ہے یا بڑا عہدیدار ہے۔ پھر قطع نظر اس کے کہ کسی کی خدمت کو لمبا عرصہ گزر گیا ہے یا کسی کی خدمت کو تھوڑا عرصہ گزرا ہے۔ اگر کم عمر والے سے یا کم عہدے میں اپنے سے کم درجہ والے سے بھی ایسے رنگ میں کوئی گفتگو کرتا ہے جس سے سبکی کا پہلو نکلتا ہو تو گو دوسرا شخص اپنے وسعت حوصلہ کی وجہ سے، یعنی جس سے تلخ کلامی کی گئی ہے وہ اپنے وسعت حوصلہ کی وجہ سے، اطاعت کے جذبہ سے برداشت بھی کر لے ایسی بات لیکن اگر ایسے عہدیدار کا معاملہ جو دوسرے عہدیداران یا کارکنان کا احترام نہیں کرتے میرے سامنے آیا تو قطع نظر اس کے کہ کتنا Senior ہے اس کے خلاف بہرحال کارروائی ہوگی، تحقیق ہوگی۔ اس لئے آپس میں ایک دوسرے کا احترام کرنا بھی سیکھیں اور مشورے لینا اور مشوروں میں ان کو اہمیت دینا۔ اگر اچھا مشورہ ہے تو ضروری نہیں کہ چونکہ میں بڑا ہوں اس لئے میرا مشورہ ہی اچھا ہو سکتا ہے اور چھوٹے کا مشورہ اچھا نہیں ہو سکتا۔ اس کو بہرحال وقعت کی نظر سے دیکھنا چاہئے، اس کو کوئی وزن دینا چاہئے۔

پھر ہمارے ہاں قضا کا ایک نظام ہے، مقامی سطح پر بھی پر اور مرکزی سطح پر بھی، جماعتوں میں بھی۔ تو قضا کے معاملات بھی ایسے ہیں جن میں ہر قاضی کو خالی الذہن ہو کر، دعا کر کے، پھر معاملہ کو شروع کرنا چاہئے۔ کبھی کسی بھی فریق کو یہ احساس نہیں ہونا چاہئے کہ قاضی نے دوسرے فریق کی بات زیادہ توجہ سے سن لی ہے۔ یا فیصلے میں میرے نکات کو پوری طرح زیر غور نہیں لایا اور دوسرے کی طرف زیادہ توجہ رہی ہے۔ گو جس کے خلاف فیصلہ ہو عموماً اس کو شکوہ تو ہوتا ہی ہے لیکن قاضی کا اپنا معاملہ پوری طرح صاف ہونا چاہئے۔

حدیث میں آتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی حاکم سوچ سمجھ کر پوری تحقیق کے بعد فیصلہ کرے۔ اگر اس کا فیصلہ صحیح ہے تو اس کو دو ثواب ملیں گے۔ اور اگر باوجود کوشش کے اس سے غلط فیصلہ ہو گیا تو اسے ایک ثواب اپنی کوشش اور نیک نیتی کا بہرحال ملے گا۔

(بخاری کتاب الاعتصام باب اجر الحاکم اذا اجتہد فاصاب او أخطأ)

(روزنامہ الفضل 22 مارچ 2004ء)

مکرم سعادت احمد خالد صاحب جنرل سیکرٹری حلقہ نوئے ویڈ

بیت الرحیم و بیت النصیر جرمنی کی تقریب سنگ بنیاد

جرمنی میں 2009ء نومبر کے ماہ میں دو بیوت الذکر ''بیت النصیر'' اور ''بیت الرحیم'' کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

مورخہ 13 نومبر جمعۃ المبارک کو ''بیت النصیر'' آؤگس برگ کا سنگ بنیاد رکھا۔ 300 مربع میٹر پر تعمیر ہونے والی اس بیت الذکر میں 140 افراد بیک وقت عبادت کر سکیں گے۔ اس کا گنبد 4 میٹر بلند ہوگا۔ اس سے پہلے ایک ماہ سے زائد وقار عمل ہوتا رہا جس کے ذریعہ زمین کو ہموار کرنا، ایک بڑے ٹینٹ کی تنصیب و تزئین، ڈش انٹینا کی تنصیب، استقبالیہ گیٹ وغیرہ شامل ہیں۔ مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی وشہر کے میئر اور دیگر مہمان وقت پر تشریف لا چکے تو کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کا جرمن ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ اس کے بعد جماعت احمدیہ آؤگس برگ کا تعارف کروایا گیا کہ یہ جماعت 1976ء میں بنی تھی۔ اس کے بعد شہر کے میئر نے اپنے خطاب میں جماعت کو بیت الذکر کی مبارک باد دی اور کہا کہ امید ہے یہ پیار اور محبت کا پیغام پھیلائے گی۔ جرمنی میں ہر چوتھا شہری باہر سے آ کر بسا ہے۔ یہ نہیں دیکھنا چاہئے کہ یہ کہاں سے آیا ہے بلکہ ہم سب کو مل کر کام کرنا ہے۔

اس کے بعد مکرم امیر صاحب جرمنی نے اپنے خطاب کے شروع میں مہمانوں کا شکریہ ادا کیا کہ وہ یہاں تشریف لائے اور انتظامیہ کا کہ انہوں نے بیت الذکر خوبصورت بننی چاہئے۔ ہم بھی یہی چاہتے ہیں اور اسی لئے دو لاکھ یورو سے زیادہ خرچ کر رہے ہیں۔ اس کے بعد مکرم امیر صاحب نے میئر صاحب کو ایک یادگار شیلڈ و قرآن کریم کا تحفہ پیش کیا نیز دیگر سیاسی پارٹیوں کے نمائندگان کو بھی قرآن کریم پیش کیا گیا۔

اس کے بعد سنگ بنیاد رکھنے کی جگہ پر اطفال اور ناصرات نے خوش الحانی سے ترانے پڑھنے شروع کئے۔ سب سے پہلی اینٹ جو کہ حضور انور سے دعا کروا کر لائی گئی تھی۔ مکرم امیر صاحب نے نصب کی۔ جس کے بعد مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی اور پھر باری باری دوسرے عہدہ داروں نے اینٹیں رکھیں۔ ذیلی تنظیموں کے عہدہ داروں کو نیز وقف نو کے ایک بچے اور ایک بچی کو بھی بنیاد میں اینٹیں رکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس دوران قرآن میں درج ابراہیمی دعاؤں کا ورد جاری رہا۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ جس کے بعد سب حاضرین میں لڈو تقسیم کئے گئے۔ میڈیا کے نمائندگان بھی آئے ہوئے تھے۔ ٹی وی اور اخبار میں خبر بھی نشر ہوئی۔ پروگرام میں کل 140 افراد نے شرکت کی۔ مورخہ 7 نومبر بروز ہفتہ کو شہر نوئے ویڈ میں ''بیت الرحیم'' کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ زمین کا کل رقبہ 3600 مربع میٹر ہے۔ 2007ء میں اس جگہ کو خریدا گیا جس سے قبل شہر کی انتظامیہ نے بیت الذکر کی تعمیر کی اجازت دے دی تھی مگر چند مخالفین نے عدالت میں تعمیر کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا۔ دو سال کے عرصہ میں چھوٹی و بڑی عدالت سے ہمارے حق میں فیصلہ ہو گیا اور خیر کا پہلو یہ نکلا کہ اس طرح میڈیا کے ذریعہ خوب تشہیر ہو گئی۔

تقریب کا آغاز مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی کی زیر صدارت قرآن کریم کی تلاوت سے ہوا جو مکرم اظہر عالم صاحب نے کی۔ جرمن ترجمہ مکرم اطہر احمد نے پڑھا۔ اس کے بعد لوکل سیکرٹری خارجہ امور مکرم نوید احمد حیدر نے سپاس نامہ پیش کیا جس میں جماعت کا تعارف وغیرہ کروایا۔ اس کے بعد چیف میئر جناب Nickopos Rooth نے اپنی مختصر تقریر میں بیت الذکر کے سنگ بنیاد کی مبارک باد دی اور بیت الذکر کی تعمیر کو جماعت نوئے ویڈ نیز نوئے ویڈ میں رہنے والے دوسرے مذاہب کے شہروں کے لئے خوش آئند قرار دیا۔ مکرم امیر صاحب نے اپنی تقریر میں بیوت الذکر کو امن کا گہوارہ قرار دیا اور شہریوں کو یقین دلایا کہ اس کی تعمیر کے بعد یہاں سے دین حق کی حقیقی تعلیم پیش کی جائے گی۔

اس کے بعد سنگ بنیاد کی تقریب شروع ہوئی۔ سب سے پہلی اینٹ جس پر حضور انور سے دعا کروائی گئی تھی مکرم امیر صاحب نے بنیاد میں رکھی۔ جس کے بعد مکرم حیدر علی صاحب ظفر مربی سلسلہ انچارج جرمنی پھر چیف میئر نے اور اس کے بعد ان احباب نے جن کی منظوری مکرم امیر صاحب نے پہلے سے دی ہوئی تھی، بنیاد میں اینٹیں رکھیں۔ مکرمہ فرزانہ ندیم صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ نے سنگ بنیاد میں وہ اینٹ رکھی جس پر حضرت آپا جان امۃ السبوح صاحبہ مدظلہا (حرم حضور انور) نے دعا کی تھی۔ دعاؤں کے ماحول میں یہ کارروائی مکمل ہوئی۔ آخر پر مکرم امیر صاحب نے اختتامی دعا کروائی۔ جس کے بعد تمام حاضرین کو مٹھائی پیش کی گئی۔ اس تقریب میں نیشنل عہدیداران، مربیان سلسلہ، شہر کے سیاسی، سماجی اور مذہبی راہنماؤں نے شرکت کی۔ اطفال الاحمدیہ اور ناصرات نے اس مبارک موقع پر مختلف ترانے پیش کئے۔ مقامی احباب کو ملا کر کل تعداد 250 تھی۔

(ماہنامہ اخبار احمدیہ جرمنی جنوری 2010ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پُر اثر واقعات

واللہ میں تو اپنی مراد کو پہنچ گیا

جبارؓ نام ایک صحابی اپنے مسلمان ہونے کا قصہ یوں بیان کرتے ہیں:۔

میں نے کفر کے زمانہ میں ایک دفعہ ایک مسلمان کو نیزہ مارا اور نیزہ اس کے جسم کے پار ہوگیا اور وہ مسلمان وہیں مرگیا۔ مگر نیزہ کھاتے ہی مرتے ہوئے اس کے منہ سے یہ کلمے نکلے کہ ’’کعبہ کے رب کی قسم میں تو اپنی مراد کو پہنچ گیا‘‘۔ میں سن کر حیران ہوا کہ یہ اس نے کیا کہا پھر میں نے ان لوگوں سے اس کا مطلب پوچھا اور سوال کیا کہ ایک دن جب میں نے ایک مسلمان کو قتل کردیا اور اس پر کامیاب ہوگیا تو مرنے والا الٹا کہنے لگا کہ کامیاب میں ہوا۔ یہ کیا بات ہے؟ لوگوں نے مجھے بتایا کہ اس کا مطلب یہ تھا کہ میں شہید ہوگیا اور خدا کے راستہ میں جان دینے کی سعادت مجھے مل گئی۔ اس سے بڑھ کر اور کیا کامیابی ہے۔ یہ سن کر میرے دل پر اس بات کا نہایت ہی گہرا اثر ہوا اور یہی بات میرے اسلام قبول کرنے کا باعث ہوگئی۔

ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات

آنحضرتؐ کے ایک صحابی تھے۔ خزیمہؓ نام۔ وہ آنحضرتؐ کے دعویٰ نبوت سے پہلے تجارت کے لئے نکلے اور اسی قافلہ کے ساتھ مل گئے جس میں آنحضرتؐ حضرت خدیجہ کا مال لے کر تجارت کے لئے جارہے تھے۔ اس سفر میں خزیمہؓ کو آنحضرتؐ کے حالات اور عادات دیکھنے کا خوب موقعہ ملا۔ آخر ایک دن انہوں نے آپؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ اے محمدؐ! میں آپؐ میں ایسی عمدہ خصلتیں دیکھتا ہوں کہ میرا خیال ہے کہ آپؐ ہی وہ نبی ہیں۔ جو عرب کی سرزمین سے پیدا ہوں گے۔ میں آپؐ کی تصدیق کروں گا اور جب آپؐ دعویٰ کریں گے تو آپ کے پاس حاضر ہو جاؤں گا۔ یہ خزیمہؓ پھر سالہا سال آپؐ سے نہیں ملے۔ فتح مکہ کے بعد وہ مسلمان ہو کر حاضر ہوئے۔ تو آنحضرتؐ نے ان کو دیکھ کر فرمایا۔ خوش آمدید اے سب سے پہلے مہاجر! خزیمہؓ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ میں حاضر ہونے سے اس واسطے نہیں رکا کہ مجھے کوئی شبہ تھا یا وہ بات جو میں نے آپ سے کہی تھی اس سے برگشتہ ہوگیا تھا بلکہ میں تو آپ کو برابر مانتا تھا اور قرآن پر یقین رکھتا تھا اور بتوں کا منکر ہوگیا تھا۔ مگر بات یہ ہوئی کہ ہمارے ملک میں پے در پے ایسے قحط پڑے کہ میں نکل نہ سکا۔

اسلام کے لئے فقیری اختیار کی

مصعبؓ بن زبیر صحابی کا خاندان بہت امیر تھا۔ وہ مکہ کے رہنے والے تھے۔ خود وہ نہایت اعلیٰ درجہ کے کپڑے پہنا کرتے تھے اور امیرانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ اسی طرح جب گھر سے باہر نکلتے تو بڑے ٹھاٹھ اور بانکپن کے ساتھ۔ جب آنحضرتؐ نے اسلام کی منادی کی تو خدا نے ان پر بھی فضل کیا اور وہ مسلمان ہو گئے۔ ان کی ساری برادری اور قوم پھر تو ان کی دشمن ہو گئی اور وہ سب امیری ٹھاٹھ خاک میں مل گئے۔ ایک دن آنحضرتؐ نے ان کو اس حال میں دیکھا کہ صرف ایک پرانی چادر ان کے بدن پر تھی اور اس میں بھی کئی پیوند چمڑے کے لگے ہوئے تھے۔ ان کی یہ حالت دیکھ کر آپؐ کو ان کا وہ زمانہ بھی یاد آگیا جب وہ امیرانہ حالت میں رہا کرتے تھے اور آپؐ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

خدا کا عاشق

ایک دفعہ حضرت عائشہؓ نے پچھلی رات کے وقت دیکھا کہ آنحضرتؐ اپنی جگہ سے غائب ہیں۔ اٹھ کر ادھر ادھر تلاش کیا۔ کہیں پتہ نہ لگا۔ وہ باہر نکلیں اور دیکھتے دیکھتے قبرستان تک پہنچ گئیں۔ وہاں کیا دیکھتی ہیں کہ آنحضرتؐ زمین پر چادر کی طرح پڑے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو مخاطب کر کے یہ فرمارہے ہیں کہ سجدت لک روحی وجنانی (یعنی میری جان و دل تیرے آگے سجدے میں گرے ہوئے ہیں) حضرت عائشہؓ یہ حالت دیکھ کر دبے پاؤں وہاں سے چلی آئیں۔ آنحضرتؐ کی یہی عشق کی حالت دیکھ کر مکہ کے کافر بھی کہا کرتے تھے کہ عشق محمد ربہ۔ یعنی محمدؐ تو اپنے خدا کے عشق میں دیوانہ ہو رہا ہے۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(یہ واقعہ حضرت مسیح موعود کی زبان سے سننے میں آیا ہے)

آپؐ کی سخاوت اور احسان

صفوان نامی ایک شخص مکہ کے شرفا میں سے تھے۔ وہ فتح مکہ تک آپؐ کے سخت دشمن تھے۔ جب مکہ فتح ہوگیا۔ تو اس کے کچھ دن بعد وہ بھی مسلمان ہوگئے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ مسلمان ہونے کے بعد آنحضرتؐ نے مجھے مال دینا شروع کیا اور اتنا دیا کہ میرے دل سے آپؐ کی سب دشمنی نکل گئی۔ پھر آپؐ مجھے برابر دیتے رہے یہاں تک کہ آخر میرے دل میں سب سے زیادہ آپ کی محبت ہوگئی۔ (اسی لئے آنحضرتؐ نے فرمایا بھی ہے کہ آپس میں تحفے دیتے رہا کرو تا کہ محبت بڑھے)

لو تم بھی مجھے مار لو

عبداللہؓ ایک صحابی بیان کرتے ہیں کہ میں آنحضرتؐ کو حجۃ الوداع کے دن اونٹ پر سوار دیکھا۔ میں بڑھتا بڑھتا آپؐ کے پاس پہنچا اور محبت کے مارے آپؐ کے پیروں سے لپٹ گیا۔ آپؐ کے ہاتھ میں اس وقت ایک کوڑا تھا۔ اتفاقاً وہ مجھے لگ گیا۔ میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ مجھے اس چوٹ کا قصاص (بدلہ) ملنا چاہئے۔ آنحضرتؐ نے فوراً وہ کوڑا مجھے دے دیا تھا اور فرمایا کہ لو تم بھی مجھے مارلو۔ میں نے آپ کی پنڈلی اور قدموں کو بوسہ دیا اور آنکھوں سے لگایا اور اس طرح سے اپنا بدلہ لے لیا۔

حیوانوں پر آپؐ کا رحم

آنحضرتؐ نے زندہ جانور کے بدن میں سے گوشت کاٹ لینے کو حرام فرمایا ہے۔ اسی طرح باندھ کر کسی جانور پر نشانہ بازی کرنے کو منع کیا ہے۔ اسی طرح جانوروں کو آپس میں لڑانے کو منع فرمایا ہے۔ نیز فرمایا ہے کہ گھوڑوں کی دم اور ایال نہ کاٹو۔ ایال تو ان کا لحاف ہیں اور دم ان کا مورچھل جس سے مچھر مکھی وغیرہ اڑاتے ہیں۔

خدا تو بہت سارے تھے مگر دعا پھر بھی قبول نہ ہوتی تھی

حضرت عروہؓ صحابی نے ایک دن آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسول اللہ ہم لوگ زمانہ جاہلیت میں کئی خداؤں کی پوجا کیا کرتے تھے اور ان سے دعائیں بھی مانگا کرتے تھے۔ مگر پھر بھی ہماری دعائیں قبول نہ ہوتی تھیں۔ پھر خدا نے اپنے فضل سے آنحضرؐت کو ہماری طرف بھیجا اور ہم کو ان سب بے برکت خداؤں سے نجات دی۔

بادشاہ دو جہاں کا ترکہ

آنحضرتؐ نے اپنی وفات کے وقت نہ کوئی روپیہ چھوڑا، نہ پیسہ، نہ کوئی لونڈی نہ غلام۔ آپؐ کی ملکیت میں سے اس وقت صرف ایک سفید خچر تھا جو باقی رہا یا کچھ ہتھیار۔ ان میں سے بھی ایک زرہ ایک یہودی کے ہاں گروی پڑی تھی۔

نہ بخیل نہ جھوٹا نہ بزدل

حنین کی جنگ سے واپسی کے وقت آنحضرتؐ مدینہ کی طرف چلے آرہے تھے کہ یکا یک بہت سے گنوار بدوؤں نے آپؐ کو گھیر لیا اور آپؐ سے مانگنے لگے۔ یہاں تک کہ آپؐ کو ایک درخت کے نیچے لے گئے اور آپؐ کی چادر کھینچنے لگے۔ آپ اس وقت سوار تھے۔ آپؐ نے ان سے فرمایا کہ میری چادر چھوڑ دو کیا تم مجھے بخیل سمجھتے ہو۔ خدا کی قسم اگر اس جنگل کے کانٹوں کے برابر میرے پاس بکریاں ہوں تو میں سب کی سب تم لوگوں کو دے دوں اور تم مجھے بخیل نہ پاؤ گے، نہ جھوٹ بولنے والا نہ بزدل۔

بیٹیوں والے کو تسلی

اوسؓ نام ایک انصاری آپؐ کے پاس ایک دفعہ حاضر ہوئے۔ آنحضرتؐ نے ان کے چہرہ پر رنج و غم کے آثار دیکھے۔ فرمایا کیا بات ہے؟ انہوں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ میری کئی لڑکیاں ہیں۔ ان کی وجہ سے میرا دل غمگین رہتا ہے اور میں تو ان کی موت کی دعا مانگتا رہتا ہوں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اوس! تم ایسی بددعا نہ کیا کرو۔ دیکھو لڑکیوں میں بھی برکت ہوتی ہے۔ یہی لڑکیاں نعمت کے وقت شکر کرنے والی، مصیبت کے وقت تمہاری ہمدردی میں رونے والی اور تمہاری بیماری کے وقت تیمارداری اور خدمت کرنے والی ہوتی ہیں۔ ان کا بوجھ زمین پر ہے اور ان کی روزی اللہ کے ذمہ ہے۔ پھر تم کیوں ناحق رنج کرتے ہو۔

حضرت خباب پر ظلم

خبابؓ مکہ میں شروع اسلام میں آنحضرتؐ پر ایمان لے آئے تھے۔ یہ ایک عورت کے غلام تھے اور لوہاری کا کام کیا کرتے تھے۔ ان کو بھی خدا کے راستہ میں سخت سخت تکلیفیں دی جاتی تھیں۔ سب سے پہلے گھر سے باہر کے لوگ جو آنحضرتؐ پر ایمان لائے تھے وہ یہ ہیں:۔ حضرت ابوبکرؓ۔ خبابؓ۔ صہیبؓ۔ بلالؓ۔ عمارؓ۔ عمار کی والدہؓ اور والدؓ حضرت ابوبکرؓ کے سوا باقی یہ لوگ یا تو غلام تھے یا پیشہ ور تھے اور تھے بھی ادنیٰ درجہ کے۔ اس لئے ان پر بڑے بڑے ظلم توڑے جاتے تھے۔ ان کو لوہے کی زرہیں پہنائی جاتی تھیں اور چلچلاتی دھوپ میں لٹایا جاتا اور ان پر پتھر رکھے جاتے۔ گلے میں رسیاں باندھ کر زمین پر گھسیٹا جاتا۔ لوہا گرم کر کے بدن کو داغ دیئے جاتے۔ مگر یہ لوگ استقلال سے اسلام پر قائم تھے۔ حضرت خبابؓ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم نے تنگ آکر آنحضرتؐ سے اپنی تکلیفوں کی شکایت کی۔ آپؐ کعبہ کے سایہ میں اپنی چادر پر لیٹے تھے۔ ہم لوگوں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ آپؐ ہمارے لئے خدا سے مدد کیوں نہیں مانگتے؟ آپؐ یہ سن کر اٹھ بیٹھے۔ آپؐ کا چہرہ مبارک سرخ ہوگیا اور فرمانے لگے کہ تم سے پہلی امتوں میں جو ایمان والے گزر چکے ہیں۔ ان کی تو یہ حالت تھی کہ ایک کو پکڑ کر زمین کھود کر آدھا گاڑ دیتے تھے اور پھر آرہ سے اسے لکڑی کی طرح چیر ڈالتے تھے۔ مگر وہ اپنے دین پر قائم رہتے تھے اور کسی کا گوشت لوہے کی کنگھیوں سے ادھیڑا جاتا تھا اور وہ کنگھیاں اس کی ہڈیوں تک پہنچ جاتی تھیں۔ مگر وہ اپنے دین سے نہ پھرتے تھے۔ یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ اس دین کو بھی یقیناً غلبہ دے گا۔ یہاں تک کہ ایک سوار عرب کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک چلا جائے گا اور ایسا امن ہوگا کہ اسے خدا کے سوا اور کسی کا خوف نہ ہوگا اور یہ جو بھیڑیے (انسان) تم کو نظر آتے ہیں یہ

بکریوں کی حفاظت کریں گے۔ مگر تم لوگ جلدی کرتے ہو۔

آنحضرتؐ ان خباب کی دکان پر کبھی کبھی تشریف لے جایا کرتے تھے اور ان سے بہت محبت کیا کرتے تھے۔ جب خباب کی مالکہ کو یہ خبر ملی تو وہ لوہا گرم کر کے ان کے سر پر رکھا کرتی۔ انہوں نے آنحضرتؐ کو اپنا حال سنایا۔ آنحضرتؐ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ خباب کی مدد کر۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خباب کی مالکہ کے سر میں ایسی مرض پیدا ہوگئی کہ وہ کتوں کی طرح بھونکتی رہتی تھی۔ حکیموں نے یہ نسخہ تجویز کیا کہ اس کے سر پر داغ دیئے جائیں۔ چنانچہ خباب بھی لوہا گرم کر کے اس کے سر کو داغ دیتے رہتے تھے۔ (یہ خدائی انتقام تھا)

حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں ایک دن ان سے پوچھا کہ اے خباب سناؤ تمہیں مکہ کے کافروں سے کیا کیا تکالیف پہنچا کرتی تھیں۔ خباب بولے اے امیر المومنینؓ میری پیٹھ دیکھ لو۔ حضرت عمرؓ نے دیکھ کر کہا کہ میں نے آج تک ایسی پیٹھ کسی کی نہیں دیکھی۔ خباب کہنے لگے کہ آگ روشن کی جاتی تھی اور اس دہکتی آگ پر وہ لوگ مجھے لٹا دیتے تھے اور پکڑ کر دبائے رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ میری چربی پگھل کر آگ کو بجھا دیتی تھی (اب اے پڑھنے والے یہ حال سن کر سچ سچ بتانا کہ لوگ جو اعتراض کرتے ہیں کہ اسلام زبردستی اور تلوار کے زور سے پھیلا اور آنحضرتؐ لوگوں کو جبراً مسلمان بناتے تھے۔ آیا یہ اعتراض ٹھیک ہے؟ تم فوراً بول اٹھو گے کہ ہرگز نہیں۔ حقیقت یہی ہے کہ جو شخص بھی مسلمان ہوتا تھا وہ اپنے دل کی محبت اور خدا پر ایمان لا کر مسلمان ہوتا تھا۔ کیا خباب جیسے لوگ زبردستی مسلمان کئے جا سکتے تھے؟)

گھر کے کام کاج سے عار نہ تھی

ایک دفعہ بعض لوگوں نے حضرت عائشہؓ سے سوال کیا کہ آنحضرتؐ گھر میں کیا کرتے تھے۔ ان کا شاید خیال ہوگا کہ گھر میں نفل ہی پڑھتے رہتے ہوں گے۔ حضرت عائشہؓ بولیں کہ گھر کا کام کاج کیا کرتے تھے اور کیا کرتے تھے (کپڑوں میں پیوند لگاتے تھے۔ گھر میں جھاڑو دے لیتے تھے۔ دودھ دوہ لیا کرتے تھے۔ بازار سے سودا سلف خرید لاتے تھے۔ جوتی پھٹ جاتی تو خود ہی گانٹھ لیا کرتے تھے۔ ڈول کو سی لیا کرتے تھے۔ اونٹ کو باندھنا، چارہ دینا، آٹا تک گوندھ لینا۔ غرض سب کام گھر کے کر لیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ گھر میں عورتوں کو وعظ و نصیحت، بیویوں کی دلداری، سوال کرنے والیوں کو مسئلے بتانا اور صدقہ خیرات وغیرہ کرنا یہ سب کچھ ہوا کرتا تھا)

اپنی ذات کے لئے کبھی بدلہ نہیں لیا

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آنحضرتؐ نے کبھی عمر بھر اپنے نفس کی خاطر کسی سے بدلہ نہیں لیا۔ ہاں کوئی سزا کسی شریعت کے جرم کی ہوتی تھی تو وہ دیا کرتے تھے۔

کان خلقہ القرآن

حضرت عائشہؓ سے بعض لوگوں نے سوال کیا۔ آنحضرتؐ کے اخلاق کا حال بتائیے۔ حضرت عائشہؓ بولیں کہ بس اتنا یاد رکھو کہ آپؐ کا خلق قرآن تھا (یعنی جو باتیں قرآن میں منع ہیں۔ وہ آپؐ میں نہ تھیں اور جن کا حکم ہے۔ وہ سب آپؐ کیا کرتے تھے)

آپؐ کی وعدہ وفائی

ایک صحابی (عبداللہ بن ابی الحمساء) بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرتؐ سے آپؐ کے دعویٰ نبوت سے پہلے ایک معاملہ خرید وفروخت کا کیا۔ اس دوران میں میں نے کہا کہ اے محمدؐ آپ یہیں ٹھہریے۔ میں ابھی آتا ہوں۔ آپ نے فرمایا اچھا مگر میں وہاں سے جا کر اس وعدہ کو بھول گیا۔ پھر تین دن کے بعد وہاں آیا تو آپؐ کو اسی جگہ موجود پایا۔ آپؐ نے مجھ پر کچھ اظہار غصہ یا ناراضگی کا نہ فرمایا صرف اتنا کہا کہ اے جوان تم نے مجھے تکلیف دی میں اس جگہ تین دن سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں۔

ستر پوشی

عرب کے لوگ زمانہ جاہلیت میں جنگل میں قضائے حاجت کے لئے جایا کرتے تھے اور وہاں مل جل کر پاس پاس بیٹھ جایا کرتے تھے۔ ایک دوسرے کے سامنے ننگا ہونا کوئی عیب نہ تھا اور سارے جہان کی باتیں وہاں بیٹھ کر کیا کرتے تھے۔ آنحضرتؐ نے اس رواج کو بھی بند کیا اور فرمایا کہ خدا تعالیٰ اس بات سے ناراض ہوتا ہے۔

سخت مصیبت کے وقت عہد کی پابندی

ہجرت کے ایک سال بعد ابو حذیفہ اور ابو حسل دو مسلمان مکہ سے مدینہ کی طرف آنے لگے۔ قریش نے ان کو روکا۔ مگر انہوں نے جانے پر اصرار کیا۔ آخر ان کو اس اقرار پر جانے دیا کہ جنگ میں آنحضرتؐ کا ساتھ نہ دیں۔ جب یہ لوگ روانہ ہو کر بدر کے مقام پر پہنچے تو وہاں دونوں لشکر آمنے سامنے پڑے تھے اور لڑائی تیار تھی۔ انہوں نے اپنا حال آنحضرتؐ کو سنایا۔ آپؐ نے فرمایا کہ جب تم عہد کر کے آئے ہو۔ تو بہر حال اپنا عہد پورا کرو۔ ہم لوگ عہد شکن نہیں ہیں۔ باقی رہا مدد کا سوال۔ سو ہم کو خدا کی مدد کافی ہے۔ چنانچہ یہ دونوں صحابی لڑائی میں شریک نہیں ہوئے حالانکہ موقعہ ایسا نازک تھا کہ دنیا کے لوگ سارے عہد و پیمان ایسے اوقات میں بالائے طاق رکھ دیتے ہیں۔

بہادری کا باپ

حضرت زبیرؓ صحابی کہتے ہیں کہ بدر کے دن کافروں میں ایک بہادر سردار تھا۔ اس کا نام عبیدہ تھا۔ وہ سر سے پیر تک لوہے میں غرق تھا۔ صرف آنکھوں کے سوراخ کھلے تھے۔ وہ میدان میں آ کر للکارا اور کہا ہے کوئی جو میرے مقابلہ کو نکلے۔ میں بہادری کا باپ ہوں (ابوذات الکرش) حضرت زبیرؓ کہتے ہیں کہ میں اس کے مقابلہ کو نکلا اور اس پر نیزہ کا وار کیا اور ایسا تاک کر اس کی آنکھ میں نیزہ مارا کہ دماغ میں گھس گیا اور وہ کمبخت اسی وقت گر کر مر گیا۔ مگر میرا نیزہ اس کے سر میں ایسا پھنسا کہ میں نے بڑی مشکل سے ہلا ہلا کر اسے نکالا اور نیزہ دونوں طرف سے ٹیڑھا ہو گیا پھر یہ نیزہ آنحضرتؐ نے زبیرؓ سے مانگ لیا۔ آنحضرتؐ کے بعد بطور یادگار سب خلفاء کے پاس رہا۔

مطعم بن عدی کی شکر گزاری

آنحضرتؐ نے جنگ بدر کے قیدیوں کے متعلق ایک دن فرمایا اگر آج مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور ان کم بختوں کی سفارش کرتا تو میں اس کے کہنے سے سب کو چھوڑ دیتا۔

(یہ مطعم وہ شخص تھا جو آنحضرتؐ کو طائف سے واپسی کے وقت اپنی پناہ میں مکہ کے اندر لایا تھا)

بنو قریظہ کی ناشکری

جب بنو نضیر اور بنو قریظہ یہودیوں نے آپ کے برخلاف سازش اور جنگ کی تو بنو نضیر تو شکست کھا کر جلاوطن ہوگئے مگر بنو قریظہ وہیں رہے اور آپ نے ان پر یہ احسان کیا کہ بنو نضیر کی زمینیں بھی ان کو دے دیں۔ مگر خندق کی لڑائی کے وقت ان بدبختوں نے آنحضرت ﷺ کے برخلاف شرارتیں کیں اور جنگ کی تیاری کی۔ اس پر آپ نے مجبوراً ان سے لڑائی کی اور ان کو شکست دی۔ پھر ان کے اپنے فیصلہ کے مطابق ان کے سپاہی مارے گئے اور مال اسباب عورتیں بچے مسلمانوں کے قبضہ میں آئے۔ ان لوگوں میں جو لوگ مسلمان ہوگئے تھے۔ ان کو آپ نے امن دے دیا۔ پھر مدینہ کے باقی سب یہود کو بھی آپ نے ان کی بار بار کی شرارتوں کی وجہ سے وہاں سے جلاوطن کر دیا اور وہ خیبر کی طرف چلے گئے۔

نجران کے عیسائیوں کا قصہ

آنحضرت ﷺ کی خدمت میں عاقب اور سید نجران کے عیسائیوں کے سردار حاضر ہوئے۔ پہلے ان کا ارادہ ہوا کہ آپ اور وہ لوگ ایک دوسرے کے لئے بددعا کریں کہ جو جھوٹا ہو وہ ہلاک ہو جائے۔ مگر ایک ان میں سے کہنے لگا کہ بھائی اگر یہ شخص سچا نبی ہے اور ہم نے اس سے مباہلہ کیا تو ہم اور ہماری اولاد سب تباہ ہو جائیں گے۔ پھر ان دونوں نے صلاح کر کے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا کہ ہم لوگ آپ کے فرمانے کے مطابق جزیہ ادا کرتے رہیں گے۔ ہم مباہلہ نہیں کرتے۔ آپ ہمارے ساتھ کسی امانت دار شخص کو بھیج دیں۔ آپ نے فرمایا ہاں میں تمہارے ساتھ نہایت امانت دار آدمی کو کر دوں گا۔ یہ کہہ کر آپ نے فرمایا کہ اے ابوعبیدہ بن جراح اٹھو اور ان کے ساتھ جاؤ۔

حجۃ الوداع کا خطبہ

آنحضرت ﷺ نے حجۃ الوداع میں یہ خطبہ پڑھا کہ زمانہ پھر اپنی اصلی حالت پر آ گیا ہے۔ (یعنی مشرک جو مہینے آگے پیچھے کر لیتے تھے اور سال کا حساب غلط کر دیتے تھے وہ بات اب موقوف کی جاتی ہے) سال کے بارہ مہینے ہیں اور ان میں 4 مہینے عزت والے ہیں جن میں جنگ وغیرہ کرنی حرام ہے۔ ان چار مہینوں میں تین تو لگاتار ہیں۔ یعنی ذیقعدہ ذوالحجہ اور محرم اور چوتھا رجب ہے۔ پھر آپ نے فرمایا یہ کونسا مہینہ ہے۔ ہم نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ آپ کچھ دیر خاموش ہوگئے۔ جس سے ہم نے خیال کیا کہ آپ اس کا نام بدل کر کوئی اور نام رکھیں گے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ اس شہر کا نام مکہ نہیں ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ بیشک یہی ہے پھر آپ نے فرمایا کہ یہ کونسا دن ہے۔ ہم نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ آپ خاموش ہوگئے یہاں تک کہ ہم نے خیال کیا کہ آپ اس کا کوئی اور نام تجویز کریں گے۔ پھر آپ نے فرمایا کیا یہ قربانی والا دن نہیں ہے؟ ہم نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ تو آپ نے فرمایا کہ سن لو تمہارے خون اور مال اور عزت ایک دوسرے پر ایسے ہی حرام ہیں جیسے کہ اس دن کی حرمت اس شہر اور اس مہینے میں اور دیکھو تم سب اپنے رب کے حضور حاضر ہوگے اور وہ تم سے تمہارے عملوں کی باز پرس کرے گا۔ کہیں ایسا نہ کرنا کہ ایک دوسرے کی گردن مار کر گمراہ ہو جاؤ۔ سن لو جو لوگ یہاں موجود ہیں وہ اس بات کو ان لوگوں تک پہنچا دیں جو یہاں موجود نہیں ہیں کیونکہ بعض دفعہ سننے والے کی نسبت وہ شخص بات کو زیادہ سمجھتا ہے جسے بعد میں خبر پہنچے۔

آنحضرتؐ کا نسب نامہ

حضرت اسماعیلؑ کی اولاد میں ایک شخص عدنان گزرے ہیں۔ ان سے معد پیدا ہوئے اور معد سے نزار اور نزار سے الیاس اور الیاس سے مدرکہ اور مدرکہ سے خزیمہ اور خزیمہ سے کنانہ اور کنانہ سے نضر اور نضر سے مالک اور مالک سے فہر اور فہر سے غالب اور غالب سے لوی اور لوی سے کعب اور کعب سے مرہ اور مرہ سے کلاب اور کلاب سے قصی اور قصی سے عبدمناف اور عبدمناف سے ہاشم۔ ان ہاشم کے بیٹے عبدالمطلب تھے اور عبدالمطلب کے بیٹے عبداللہ تھے اور عبداللہ کے بیٹے محمد تھے۔ صلی اللہ علیہ وسلم

(الفضل 22،8 جنوری 1929ء)

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

خودکش حملے دینی تعلیمات کے منافی ہیں

دہشت گردی کی موجودہ لہر میں خودکش حملوں کا بازار گرم ہے اور طرفہ تماشہ یہ کہ فساد کو دین حق کی طرف نسبت دے دی جاتی ہے۔ حالانکہ دین حق سلامتی کا مذہب ہے اور رسول کریم ﷺ امن کے پیامبر بن کر آئے مگر آج معصوم رسولؐ کے کچھ نام لیوا نادان دوست اس خوش فہمی میں خودکش حملے کرتے ہیں کہ وہ سیدھے جنت میں جائیں گے۔ اس بارہ میں دینی تعلیم کا سرسری مطالعہ ہی انسان کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے جس میں نہ صرف خودکشی کرنے والے کو جہنم کی وعید ہے بلکہ یہ اعلان بھی ہے کہ بے گناہ لوگوں پر ایسا حملہ تمام انسانیت پر حملہ ہے اور ایسے قاتلوں کے لئے جہنم کی دوہری سزا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو عبث اور بیکار پیدا نہیں کیا بلکہ اس کی پیدائش کا مقصد عبادت قرار دیتے ہوئے فرمایا کہ

اپنے اس ربّ کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا۔ (البقرہ:22)

یہی معبود حقیقی ربّ العالمین اور خالق و مالک ہونے کے ناطہ سے پرستش کے لائق ہے اور رازق ہونے کے اعتبار سے بھی! چنانچہ فرمایا کہ

کون ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے یا کون ہے جو سماعت اور آنکھوں کا مالک ہے۔ اور کون ہے جو زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے۔ اور کون ہے جو نظام کائنات کو تدبر سے چلا رہا ہے۔ وہ سب کہیں گے اللہ! پھر کیا تم تقویٰ اختیار نہیں کرو گے۔ (یونس:32)

اس آیت سے ظاہر ہے کہ انسان کی جان اس کی اپنی ملکیت نہیں بلکہ خدا کی ملکیت ہے۔ اور انسان کے پاس محض ایک امانت ہے، جس کی حفاظت اس پر لازم ہے۔

چنانچہ ہمارے ربّ العالمین خدا نے بھوک اور فاقہ سے مجبور انسان کو جان بچانے کی خاطر حرام کی جانے والی چیزوں (مردار، خون، خنزیر کے گوشت اور جس پر اللہ کے سوا کسی کا نام لیا جائے) تک کے استعمال کی استثنائی طور پر رخصت دی اور فرمایا ''جو بھوک کی شدت سے ممنوعہ چیز کھانے پر مجبور ہو چکا ہو اس حال میں کہ وہ گناہ کی طرف جھکنے والا نہ ہو تو اللہ یقیناً بہت بخشنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔''

(المائدہ: 4)

خودکشی کے متعلق قرآن شریف سے رہنمائی

جہاں تک خودکشی نہ کرنے کے بارے میں قرآن شریف سے رہنمائی کا تعلق ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

یعنی اپنے آپ کو قتل نہ کرو یقیناً اللہ تعالیٰ تم پر بہت رحم کرنے والا ہے۔ (النساء30)

سورۃ نساء کی اس آیت کے بارہ میں مفسرین لکھتے ہیں کہ ''یہ محکم آیت ہے جو نہ تو کبھی منسوخ ہوئی اور نہ قیامت تک منسوخ ہوگی''۔

(تفسیر ابن کثیر زیر آیت ہٰذا)

اس آیت میں ''اپنے آپ کو قتل نہ کرو'' کا ایک واضح مفہوم خودکشی کی ممانعت ہے۔ اس مفہوم کی تائید خود رسول کریم ﷺ اور صحابہؓ کرام سے بھی ثابت ہے۔ (ابوداؤد کتاب الطہارۃ)

دوسری آیت قرآنی جو اس موضوع پر ہماری رہنمائی کرتی ہے، اس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔ (البقرہ:196)

جیسا کہ ظاہر ہے اس آیت میں دو حکم ہیں۔ ان دونوں کو ملا کر دیکھا جائے تو آیت کا مطلب یہ ہوگا کہ دشمن سے لڑائی کے وقت اپنے مال خوب خرچ کرو اور ان کو خرچ نہ کر کے اپنی تباہی کے سامان نہ کرو۔ گویا قومی ضروریات خصوصاً دشمن سے مقابلہ کے وقت بخل سے کام لے کر اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

آیت کا دوسرا حصہ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ اپنی ذات میں ایک الگ مستقل اور واضح حکم بھی ہے جو خودکشی کی صریح ممانعت کرتا ہے۔ اس مفہوم کی تائید تفسیر صحابہؓ رسولؐ سے بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت عبدالرحمانؓ بن الاسود سے روایت ہے کہ محاصرہ دمشق کے دوران ایک شخص نے جلدی میں اکیلے دشمن پر حملہ کر دیا۔ مسلمانوں نے اس کا یہ طریق پسند نہ کیا اور اس کا معاملہ حضرت عمروؓ بن عاص تک پہنچایا۔ انہوں نے اسے واپس بلوایا اور فرمایا اللہ فرماتا ہے کہ اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

(الدرالمنثور للسیوطی۔ جلد اول ص 501 دارالفکر۔ بیروت بحوالہ ابن ابی حاتم)

دراصل نفس انسانی کی حرمت و حفاظت ایسا اہم مسئلہ ہے کہ اس کے پیش نظر ہی اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں فرمایا کہ جس نے بھی کسی ایسے نفس کو قتل کیا جس نے کسی دوسرے کی جان نہ لی ہو یا زمین میں فساد نہ پھیلایا ہو تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کر دیا اور جس نے اسے زندہ رکھا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو زندہ کر دیا۔ (المائدہ:33)

قرآن شریف میں ایک مومن کو بالارادہ قتل کرنے کی سزا جہنم بیان کی اور فرمایا:

جو شخص جان بوجھ کر ایک مومن کو قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہے گا۔ اس پر اللہ کا غضب ہے اور اس نے اس پر لعنت کی ہے اور اس کے لئے بڑا عذاب تیار کیا ہے۔ (النساء94)

یہی وجہ ہے کہ رسول کریم ﷺ نے بھی اپنی جان کے قاتل یعنی خودکشی کرنے والے کی سزا بھی بعینہ وہی بیان فرمائی جو ایک مومن کو بالارادہ قتل کرنے والے کی سزا ہے یعنی جہنم۔ گویا آپؐ کے نزدیک اپنی جان کو ہلاک کرنا بھی ایسا ہی جرم ہے جیسا کہ کسی دوسرے معصوم کی جان لے لینا۔

خودکشی کے متعلق احادیث نبویہؐ سے رہنمائی

اس سلسلہ میں صحیح بخاری اور دیگر صحاح میں درج ذیل مستند احادیث کا مطالعہ بہت اہم ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے پہاڑ سے گرا کر اپنے آپ کو قتل کر دیا وہ جہنم کی آگ میں گرے گا اور اس میں ہمیشہ رہے گا اور جس نے زہر پی کر اپنے آپ کو قتل کیا اس کا زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا اور وہ گھونٹ گھونٹ کر کے اسے پیئے گا اور جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیش رہے گا اور جس نے تیز دھار آلے سے اپنے آپ کو قتل کیا اس کا تیز دھار آلہ اس کے ہاتھ میں ہوگا جسے وہ اپنے پیٹ میں گھونپے گا۔ اور جہنم کی آگ میں ہمیشہ ہمیش رہے گا۔

(بخاری کتاب الطب باب شرب السمّ)

حضرت ثابتؓ بن الضحاک سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے کسی چیز سے اپنے آپ کو قتل کیا، اسے جہنم کی آگ میں عذاب دیا جائے گا۔

(بخاری کتاب الادب باب من اکفراخاہ)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنا گلا گھونٹ کر مرتا ہے اسے آگ میں گلا گھونٹ کر ڈالا جائے گا اور جو شخص نیزہ مار کر اپنے آپ کو ہلاک کرتا ہے، اسے آگ میں نیزہ سے ہلاک کیا جائے گا۔

(بخاری کتاب الجنائز باب ماجاء فی قاتل النفس)

رسول کریم ﷺ نے خودکشی نہ کرنے کے قرآنی حکم کی خلاف ورزی کرنے والے کی نماز جنازہ پڑھانی بھی پسند نہیں فرمائی۔ چنانچہ حضرت جابرؓ بن سمرہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے کسی تیر کے پھل کے چوڑے رخ سے اپنے آپ کو ہلاک کر دیا۔ رسول کریم ﷺ کو پتہ چلا تو آپ نے اس بات کے ثابت ہو جانے پر فرمایا کہ ''میں اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھاؤں گا''۔

(ابوداود ونسائی کتاب الجنائز باب الامام یصلی علی من قتل نفسہ)

حضرت جندبؓ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے گزشتہ اقوام میں سے ایک شخص کا واقعہ بیان کیا جو زخمی ہو گیا تھا۔ اس نے چھری سے زخمی ہاتھ کاٹ ڈالا۔ خون اتنا بہا کہ وہ مر گیا۔ اللہ نے فرمایا میرے بندہ نے اپنی جان کے بارہ میں جلدی کی۔ میں نے اس پر جنت حرام کر دی۔

(بخاری کتاب الجنائز باب ماجاء فی قاتل النفس)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں شامل تھے۔ آپؐ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں (جو مسلمان ہونے کا دعویدار تھا) فرمایا یہ آگ والوں میں سے ہے۔ پھر پتہ چلا کہ وہ خوب لڑا اور مر گیا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا وہ آگ میں ہوگا۔ قریب تھا کہ بعض لوگوں کو شبہ پیدا ہوتا اسی اثناء میں پتہ چلا کہ وہ مرا نہیں بلکہ بری طرح زخمی ہے۔ رات ہوئی تو وہ زخم پر صبر نہ کر سکا اور خودکشی کرتے ہوئے اپنے آپ کو قتل کر دیا۔ نبی کریم ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپؐ نے فرمایا اللہ سب سے بڑا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسولؐ ہوں۔ پھر آپؐ نے بلالؓ کو حکم دیا اور انہوں نے لوگوں میں اعلان کیا کہ جنت میں صرف مسلمان شخص ہی داخل ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ اس دین کی مدد فاجر شخص کے ذریعہ بھی کر دیتا ہے۔

(بخاری کتاب الجہاد والسیر باب انّ اللہ یؤیّد الدّین)

مختلف مسالک کی آراء

خودکشی کے بارہ میں اہل حدیث مسلک بیان کرتے ہوئے مولوی محمد اشرف توقیر فاضلپوری لکھتے ہیں کہ ''بعض ائمہ کرام کا مذہب ہے کہ خودکشی کرنے والے پر نماز جنازہ پڑھیں۔ صحابہؓ کرام نے تو پڑھی ہے۔ لیکن اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ امام نماز جنازہ نہ پڑھیں اور عوام نماز جنازہ پڑھ لیں۔ دوسری احادیث سے یہ پتہ چل رہا ہے کہ خودکشی کرنے والا آدمی جبکہ ہے ہی دوزخی پھر اس پر نماز جنازہ پڑھنے کا فائدہ؟''

(ہفت روزہ اہلحدیث 15 / جولائی 2005ء ص 12)

مشہور فقیہ علامہ ابن راہویہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے خودکشی کرنے والے شخص کی نماز جنازہ نہ پڑھا کر متنبہ کیا ہے کہ آئندہ کوئی اس فعل کا ارتکاب نہ کرے۔ (مصنف عبدالرزاق کتاب الجنائز)

خودکشی کرنے والے کے بارہ میں حنفی مسلک یہ ہے کہ ''جو شخص گلا گھونٹ کر اپنے آپ کو قتل کر دے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔ امام ابوحنیفہ سے یہی مذہب مروی ہے۔''

(فتاویٰ تاتارخانیہ جلد 2 ص 161)

اسی طرح لکھا ہے کہ ''نبی کریم ﷺ خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ نہ پڑھنا از راہ زجر و تنبیہ تھا۔ جیسا کہ آپ نے مقروض کی نماز جنازہ بھی نہیں پڑھی۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ صحابہؓ بھی اس کی نماز جنازہ نہ پڑھیں۔ کیونکہ آنحضرتؐ کے جنازہ پڑھانے اور عام لوگوں کے جنازہ پڑھنے میں فرق ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ صَلٰوتَکَ سَکَنٌ لَّھُمْ (توبہ:103) اے نبی! تیری دعا ان (مومنوں)

